بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

نعت

سید حسن اختر سابقؔ

آسٹن، ٹکساس

تھا کفر کا اندھیرا ہر سو جہاں میں چھایا   روشن پیام حق کا دنیا میں لے کے آیا

وہ ہے نبی ہمارا . . . وہ ہے نبی ہمارا

کعبہ کو بدھ کدہ تھا کفار نے بنایا   توحید کے علم کو جس نے وہاں سجایا

وہ ہے نبی ہمارا . . . وہ ہے نبی ہمارا

قرآن کو پڑھا کر علم و عمل سکھا کر . . . انسانیت کو جس نے اخلاق سے سجایا

وہ ہے نبی ہمارا . . . وہ ہے نبی ہمارا

جو عالموں کی رحمت بن کر جہاں میں آیا   اللہ نے بھی جس کو محبوب تھا بنایا

وہ ہے نبی ہمارا . . . وہ ہے نبی ہمارا

خلقت میں سب سے افضل، یکتا نبیؐ صلعم   عرشِ بریں پہ جس کو اللہ نے بلایا

وہ ہے نبی ہمارا . . . وہ ہے نبی ہمارا

ہیں بھیجتے سلامی دن رات جن و انساں   نہ امتیاز ایسا پیغمبروں نے پایا

وہ ہے نبی ہمارا . . . وہ ہے نبی ہمارا

وہ ہیں شفیعِ محشر، وہ رحمتِ الٰہی   جس کو شفیع ایسا اللہ نے بنایا

وہ ہے نبی ہمارا . . . وہ ہے نبی ہمارا

شمس الضحیٰ وہی ہے، بدر الدجیٰ وہی ہے   پاکیزگی کا پیکر رب نے جسے بنایا

وہ ہے نبی ہمارا . . . وہ ہے نبی ہمارا

بیٹی ہیں سب سے اعلیٰ عالم کی عورتوں میں   ایسا بلند جس کی دختر نے درجہ پایا

وہ ہے نبی ہمارا . . . وہ ہے نبی ہمارا

مولا علی کو جس نے مرضیِ کبریا سے   رب کا ولی بنایا ،اپنا وصی بنایا

وہ ہے نبی ہمارا . . . وہ ہے نبی ہمارا

میرے جگر کے ٹکڑے حسنین و فاطمہؑ ہیں   واجب ہے ان کی الفت جس نے ہمیں بتایا

وہ ہے نبی ہمارا . . . وہ ہے نبی ہمارا

سابقؔ جو پنجتن کو اپنائے وہ میرا ہے   امت کو اپنی جس نے پیغام یہ سنایا

وہ ہے نبی ہمارا . . . وہ ہے نبی ہمارا